بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

14 روزہ

مسائل رمضان کورس

مدرس: مولانا مفتی عرفان اللہ درویش ہنگو عفا اللہ عنہ

Mufti Irfan Ullah Darvesh Official

+92307 9819544

Miinaar Online Academy

سبق نمبر:2

حصہ دوم



MIINAAR Online Acadmey

فرض

- رمضان کے روزے
- رمضان کے قضاروزے

واجب

- نذر معین
  نذر غیر معین
- کفارے کے روزے مثلا کفارہ قتل، قسم، ظہار، رمضان، احرام
- نفلی روزہ شروع کیا اور توڑدیا
- نذر معین کا روزہ بروقت نہ رکھ سکا۔

سنت

- عاشوراء + نو یا گیارہ محرم کے روزے

مستحب

- ایام بیض (قمری مہینے کے 13، 14 اور 15 کے روزے)
- پیر، جمعرات کا روزہ
- شوال کے چھ روزے
- غیر حاجی کیلئے عرفہ کا روزہ
- صوم داودی (ایک دن روزہ، ایک دن چھوڑنا)

مکروہ تحریمی

- عید الفطر کے دن روزہ
- عید الاضحی کے دن روزہ
- عید الاضحی کے بعد تین دن روزے

مکروہ تنزیہی

- صرف دس محرم کا روزہ
- 27 رجب کا روزہ
- صوم وصال (روزہ توڑے بغیر مسلسل روزے)

روزے کی نیت سے متعلق چند مسائل

رمضان، نذر معین اور نفلی روزوں کی نیت رات سے کرنا بھی جائز ہے اور نصف النہار شرعی سے قبل بھی، البتہ باقی تین اقسام (قضا، کفارے اور نذر غیر معین) کی نیت صبح صادق سے پہلے ضروری ہے۔

اگر کسی مسافر نے روزہ نہ رکھا تھا اور وہ نصف النہار شرعی سے قبل مقیم ہو گیا تو اب نیت کر سکتا ہے، کیوں نیت کا وقت باقی ہے بشرط کہ صبح صادق سے لیکر اب تک روزہ کے منافی کوئی کام نہ کیا ہو۔

اگر مجنون یا بے ہوش نصف النہار شرعی سے قبل ٹھیک ہو گیا اور اس نے منافی صوم کوئی کام نہ کیا ہو تو اب روزے کی نیت کر سکتا ہے، کیوں کہ نیت کا وقت باقی ہے۔

روزے کی نیت زبان سے کرنا ضروری نہیں، بلکہ دل کا ارادہ کافی ہے، اسی طرح سحری کھانا خود ایک نیت ہے۔

روزے کی نیت سے متعلق چند مسائل

رمضان کے روزے کے لیے مطلقا نیت کافی ہے، یوں کہنا کہ رمضان کا فرضی روزہ رکھتا ہو، ضروری نہیں۔

(وبصوم غد نویت من شہر رمضان) نیت کے یہ الفاظ مسنون نہیں ہے، لہذا ان کو سنت نہ سمجھیں، ہاں سنت سمجھے بغیر کہنا جائز ہے۔